18 مئی 2021ء

## اپریل 2021ء میں ترسیلاتِ زر کی آمد کی پریس ریلیز

- کارکنوں کی ترسیلات اپریل 2021ء میں بڑھ کر اب تک کی بلند ترین ماہانہ سطح 2.8 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جو کہ گذشتہ سال اسی مہینے آنے والی رقوم سے 56 فیصد زائد ہے۔
- مجموعی بنیاد پر ترسیلات نے سابقہ ریکارڈز بھی عبور کر لیے ہیں۔ جولائی تا اپریل مالی سال 21ء میں 24.2 ارب ڈالر کی ترسیلات آئیں جو گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 29 فیصد زائد ہیں اور وہ پورے مالی سال 20ء کی ترسیلات سے ایک ارب ڈالر سے زائد رقم کے ساتھ پہلے ہی آگے بڑھ چکی ہیں۔
- جولائی تا اپریل مالی سال 21ء کے دوران زیادہ رقوم سعودی عرب (6.4 ارب ڈالر)، متحدہ عرب امارات (5.1 ارب ڈالر)، برطانیہ (3.3 ارب ڈالر) اور امریکہ (2.2 ارب ڈالر) سے آئیں۔
- اِس سال کارکنوں کی ترسیلاتِ زر ریکارڈ سطح پر لانے میں جو عوامل مددگار رہے ہیں ان میں باضابطہ ذرائع سے رقوم کی زائد آمد کی حوصلہ افزائی کی خاطر حکومت اور اسٹیٹ بینک کے فعال پالیسی اقدامات، کورونا کی وبا کے باعث سرحد پار سفر کا محدود ہونا، وبا کے دوران بہبودی رقوم کی پاکستان کو منتقلی، بازارِ مبادلہ میں استحکام کی صورتِ حال اور حال میں عید سے متعلق رقوم کی آمد شامل ہیں۔

****